Universiteit Leiden
The Netherlands

Carvings & community: inclusive heritage solutions for for protecting ancient Karakorum petroglyphs under threat

Aerde, M.E.J.J. van; Khan, A.G.

Citation

Aerde, M. E. J. J. van, & Khan, A. G. (2021). Carvings & community: inclusive heritage solutions for for protecting ancient Karakorum petroglyphs under threat. *Journal Of Archaeohistorical Studies*, *1*(2), 77-90. Retrieved from https://hdl.handle.net/1887/3256315

Version: Publisher's Version

License: Creative Commons CC BY-SA 4.0 license

Downloaded from: https://hdl.handle.net/1887/3256315

Note: To cite this publication please use the final published version (if applicable).

ISSN-L 2702-1858
PRINT ISSN 2702-1858
ONLINE ISSN 2702-1378

سہ ماہی

آثار

مجلہ
برائے
آثاریاتی تاریخی مطالعہ

شمارہ۳جلد۲ (جولائی تا ستمبر)۲۰۲۱ء

یکے از مطبوعات اساس

ISSN-L 2702-1858
PRINT ISSN 2702-1858
ONLINE ISSN 2702-1378

سہ ماہی

آثار

مجلہ
برائے
آثاریاتی تاریخی مطالعہ

شمارہ۳جلد۲ (جولائی تا ستمبر)۲۰۲۱ء

Archaeological Study of Ancient Societies
ASAS

یکے از مطبوعات اساس

آثار (مجلہ برائے آثاریاتی تاریخی مطالعہ)، اساس قریے اور راہیں تحقیقی محرک (روڈز اینڈ ریلیجنز ریسرچ انیشیٹو) کے تحت شائع ہونے والا انجمن برائےآثاریاتی مطالعہ(اساس) کا علمی وتحقیقی مجلہ ہے۔ یہ ایک غیر تجارتی مجلہ ہے جس میں شائع ہونے والی ماہرین سے نظرِ ثانی شدہ تمام تحریرات بشمول ہر قسم کے خاکوں, تصویری اور نقشہ جاتی مواد اور معلومات محض ادارہ اساس کی ملکیت ہیں جو تحریر, مواد ،حالت اور ہیت میں تبدیلی کئے بغیر اور مجلہ ھذا اور تحریر کنندہ / کنندگان کا مکمل حوالہ دے کرہی استعمال کئے جاسکتے ہیں(سوائے اس کے کہ کسی تحریر یا دیگر مواد کے بارے میں الگ سے نشاندہی کر دی جائے)۔ مجلہ برائے آثاریاتی تاریخی مطالعہ (آثار) کی جملہ انتظامیہ بشمول مدیران، مجلہ میں شائع ہونے والے تحقیقی کام کے مصنفین،محققین یاان کے معاونین اور شریک مصنفین کی تحقیق، افکار و خیالات اور تحقیقی نتائج کے ہرگز ذمہ دار نہیں۔تحریرات اور مواد کے اشاعتی حقوق پورے کرنا اور اس ضمن میں علمی سرقہ سے اجتناب صرف اور صرف تحریر کنندہ کی ذمہ داری ہے نہ کہ مجلہ کی انتظامیہ کی اور اس ضمن میں ادارہ سے کوئی بھی شکایت ہرگز قابلِ قبول نہ ہوگی۔ کسی بھی نوعیت کےمروجہ قوانین یا علمی قواعد و اخلاقیات کی خلاف ورزی کا واحد ذمہ دار مصنف /تحریر نگار خود ہوگا۔

JAHS (Journal of Archaeohistorical Studies or آثار) is a research organ of Association for the Archaeological Study of Ancient Societies (*ASAS*), published under the auspices of Roads and Religions Research Initiative. All peer-reviewed material, written or visual, including all types of sketches, illustrations, maps, and information is the sole property of the *ASAS* and may be used without modification of the text, materials, and content and with full reference to the magazine and the author/s(Unless otherwise stated). The entire management of *ASAS* including the editorial team of the *Journal of Archaeohistorical Studies* is not responsible for the ideas, research, and research findings of the authors, researchers, or their assistants or co-authors published in *JAHS (AAsAAr)*. It is the Author's responsibility to ensure that the submitted content is original. Any violation in this regard will be considered the author's misconduct. The author/s will be solely responsible for any violation of the prevailing laws, accepted scientific norms, or ethics, and *JAHS* or *ASAS* management could not be held responsible before any court of law or any other forum or body.

Published in 2020 by *ASAS* Roads and Religions Research Initiative for Association for the Archaeological Studies of Ancient Societies, Punjab Pakistan.

JAHS (آثار)
Journal of Archaeohistorical Studies
ISSN-L 2702-1858
PRINT ISSN 2702-1858
ONLINE ISSN 2702-1378
Volume 1, Issue 2 | November 2020
Published for *ASAS* by (Dilawar Hussain)
Im Kirchacker 9 76879 Hochstadt Rheinland-Pfalz Germany
Print by *ASAS*
For inquiries please contact: Muzaffar Ahmad, Executive Editor
archaeohistorian@gmail.com
executiveeditor@aasaar.org
Journal e-mail: editor@aasaar.org
Web: www.aasaar.org , www.roadsandreligions.org
Legal Advisor: Nasir Zaman Chaudhry

This is an open-access journal. Any original, previously unpublished content is licensed under the Creative Commons Attribution 4.0 International License.
To view a copy of this license, please visit creativecommons.org/licenses/by/4.0.

اساس قریے اور راہیں (اقرا) تحقیقی محرک

اساس ماہرین آثاریات کا تحقیقی فورم ہے جو ۲۰۱۲ء سے علمِ آثاریات اور اس کی تدریس و تحقیق میں بنیادی تصوراتی تبدیلیوں کے لئے اپنا کردار عملی اقدامات اور درست تصورات متعارف کروا کر ادا کر رہا ہے۔ اساس کے عملی منصوبہ جات کا مقصد محدود پیمانے پر آثاریاتی ماہرین، اساتذہ اور طلباء کی سوچ میں ایک مفیدتبدیلی پیدا کرنا ، اس پر محدود پیمانے پر عملدرآمد کرکے دکھانا، درست مشاورت مہیا کرنا، بنیادی آثاریاتی عملی ہنر سکھانا اور اس کے لئے ممکنہ سہولیات مہیا کرنا ہے۔ اساس کے حاصل شدہ اہداف کی ایک طویل فہرست میں متعدد ورکشاپس کا انعقاد، عملی آثاریاتی ٹریننگ مہیا کرنا ،آلات اور اوزاروں کی فراہمی، بنیادی عملی آثاریاتی لائحہ عمل (فیلڈ مینول) کی اشاعت اور ملکی سطح پر ایک آرکیالوجِکل ایسوسی ایشن کا تحریری تصور پیش کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ حالیہ برسوں میں اساس کے فورم نے پاکستانی آثاریات میں انگریزی میں تحقیق نگاری کی پابندی کو چیلنج کیا ہے۔ نوآموزپاکستانی ماہرینِ آثاریات کی ایک بڑی تعداد کے ذہن میں جو کچھ چلتا ہے اس کے فصاحت اور درستگی سےضابطۂ تحریر میں نہ آسکنے میں انگریزی نویسی کا بنیادی کردار ہے۔ اساس کا ماننا ہے کہ آثاریات کاانگریزی سے کوئی بھی تعلق نہیں۔ اس نظریہ کے تحت اردو میں آثاریاتی تحقیق نگاری کا کامیاب آغاز کر دیا گیا ہے۔ انگریزی میں لکھنا بہت اچھی بات ہے اور جملہ پاکستانی قومی زبانوں میں لکھنا اور بھی اچھی بات۔

گذشتہ اہداف کے مفید پہلوؤں کو سمیٹ کر یکجا کرنے اور اردو آثار نویسی کے فروغ کےلئے گذشتہ برس اساس کےپلیٹ فارم سے *ASAS Roads and Religions Research Initiative* یا ***اساس قریے اور راہیں تحقیقی محرک*** کے جامع منصوبہ کی صورت میں ایک دور رس نتائج کا حامل اور مختصر الاہداف منصوبہ پیش کیا گیاہے۔ زمانہ قبل از تاریخ سے ہی قدیم انسانی بستیاں، ان کو ملاتے راستے ، ان کی راہوں پر سرگرداں انسان ، ان میں بستے لوگ اور ان میں فروغ پاتی متنوع مذہبی تمدنی سرگرمیاں آثارِ قدیمہ، تاریخ، موازنہ مذاہب اور مذہبی آثاریاتی سیاحت کے جدید تصورات کی اساس ہیں۔ ماہرینِ آثاریات پر ان کو درست طریق پر برآمد کرنا، سمجھنا، تحقیق کے عمل سے گزارنا اور تحقیقی نتائج کی اشاعت لازم ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئےاساس آثاریاتی فورم کے تحت ایک ورثہ گھر (ہیریٹیج سنٹر) ایک ویب اور ایک تحقیقی جریدے کااجرا ءکیا جارہا ہے۔ **آثار (مجلہ برائے آثاریاتی تاریخی مطالعہ)** کا یہ پہلا شمارہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

آثار غیر تجارتی بنیادوں پر جاری ہونے والاپہلا آثاریاتی تاریخی جریدہ ہے جس میں آثاریاتی تاریخی تحقیق اور دیگرمتعلقہ علوم پر تحریر کی جانے والی تحقیقات بھی شائع کی جائیں گی۔ اساس کا ادارہ اس ضمن میں سب ماہرینِ آثاریات سے تعاون کا خواستگار ہے۔ اساس کے نظریہ کے مطابق منظور شدہ جرنل کی منزل تک پہنچنے کی چند برسوں سے جاری دوڑ میں شامل ہونا اس جریدے کے لئےضروری نہیں۔ کیونکہ یہ جدّت صرف پاکستان اور بھارت میں وجود رکھتی ہے۔ ہاں اس جریدے کا معیار منظور شدہ جریدوں کے برابر اور ان میں سے بہت سوں سے بہتر ہو یہ ہمارے لئے ازحد ضروری ہے۔ اس علمی جریدے میں مضامین آثاریات اور تاریخ کے ماہرین کی نظرِ ثانی کے بعد شائع کئے جاتے ہیں۔ اور علمی اشاعت کے بین الاقوامی معیار کی ممکنہ حدّ تک پاسداری بھی کی جاتی ہے۔ (ادارہ)

Executive Editor
Muzaffar Ahmad
PhD Scholar (Hazara University)
MPhil Archaeology (Hazara University)
MA Archaeology(Gold Medallist), University of Peshawar
Founding President ASAS (Association for the Archaeological Study of Ancient Societies)
Roads and Religions Research Initiative

Editors

Naveed Ahmad Raza

MA Archaeology (PU)
MA History (PU)
BA History (PU)

Abdul Ghani Khan
MA Archaeology(Gold Medallist), (HU)
MPhil Archaeology (HU)
PhD Scholar (HU)
Part of Archaeological research team in the Leiden University

Waheed Alam Khan
MA Archaeology (HU)
MPhil Archaeology (HU)

Editorial Board

Muhammad hasan Khokhar
M A History (with Archaeology)
Deputy Director Archaeology, Punjab (Lahore Fort)
Former Curator, Harappa Museum

Dr. Muhammad Zahir
Ph.D. Archaeology, University of Leicester (UK)
MA (Gold Medallist), University of Peshawar
BSc (The University of Peshawar)
Visiting Fellow, Ancient India and Iran Trust-Cambridge
Aman Fellow - Harvard University, USA
Correspondent Fellow - IsMEO, Italy
Affiliate Researcher, Max Planck

مدیر مسئول
مظفر احمد
پی ایچ ڈی سکالر (ہزارہ یونیورسٹی)
ایم فل آثاریات (ہزارہ یونیورسٹی)
ایم ۔اے آثاریات (پشاور یونیورسٹی) طلائی تمغہ یافتہ
بی۔ اے تاریخ (پنجاب یونیورسٹی)
بانی صدر ایسوسی ایشن فار دی آرکیالوجکل سٹڈی آف اینشیئنٹ-سویز اورروڈز اینڈ ریلیجنز ریسرچ انیشی ایٹو

مدیران

نوید احمد رضا
ایم اےآثاریات(پنجاب یونیورسٹی)
ایم اے تاریخ (پنجاب یونیورسٹی)
بی اے تاریخ (پنجاب یونیورسٹی)

عبدالغنی خان
ایم اےآثاریات(ہزارہ یونیورسٹی) طلائی تمغہ یافتہ
ایم فل آثاریات (ہزارہ یونیورسٹی)
پی ایچ ڈی سکالر (ہزارہ یونیورسٹی)
ممبر آرکیالوجکل ریسرچ ٹیم لیڈن یونیورسٹی ، ہالینڈ

وحید عالم خان
ایم اےآثاریات(ہزارہ یونیورسٹی)
ایم فل آثاریات (ہزارہ یونیورسٹی)

ادارتی بورڈ
محمد حسن کھوکھر
ایم اے تاریخ و آثاریات(پنجاب یونیورسٹی)
ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ آثارِ قدیمہ پنجاب (قلعہ لاہور)
سابق کیوریٹر ہڑپہ میوزیم

ڈاکٹر محمد ظاہر
پی. ایچ .ڈی آرکیالوجی، یونیورسٹی آف لیسسٹر (یو۔کے)
ایم۔اے آرکیالوجی (پشاور یونیورسٹی) - طلائی تمغہ یافتہ
بی۔ ایس۔ سی (پشاور یونیورسٹی)
وزٹنگ فیلو، قدیم ہند وایران ٹرسٹ۔ کیمبرج
امان فیلو، ہارورڈ یونیورسٹی ، ریاست ہائے

Institute for the Science of Human History - Jena – Germany
Associate Professor,
Department of Archaeology
(HU)

-متحدہ امریکہ
کارسپانڈنٹ فیلو IsMEO اٹلی
وابستہ محقق میکس پلینک انسٹیٹیوٹ
برائے- علمِ تاریخِ انسانی - جینا- جرمنی
ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ آثاریات (ہزارہ
-یونیورسٹی)

Muhammad Hameed
Ph.D. Archaeology (Freie Universität Berlin)
MA Archaeology (Punjab University)
BA (Punjab University)
Associate Professor Department of archaeology, Punjab University
Chairman Department of Archaeology(University of Punjab)

ڈاکٹر محمد حمید
پی ایچ ڈی (فری یونیورسٹی برلن، جرمنی)
ایم .اے آرکیالوجی (پنجاب یونیورسٹی)
بی.اے پنجاب یونیورسٹی
ایسوسی ایٹ پروفیسر وصدرشعبہ آثاریات
پنجاب یونیورسٹی

Dr. Mirza Naseer Ahmad

M.Sc Geophysics (Quaid-I-Azam University)
Ph.D (Hokkaido University, Japan)
Post Doc. (Chulalongkorn University, Thailand)
Projects supervisor for MS Students Program, (Chulalongkorn University)
HoD Earth Sciences
Department at Abdus Salam School of Sciences(Nusrat Jahan College-Rabwah)
Member, Society of Exploration Geophysicist (SEG). Member of Pakistan Association of Petroleum Geoscientists (PAPG).

ڈاکٹر مرزا نصیر احمد
ایم ایس سی جیوفزکس
پی ایچ ڈی (ہوکائڈو یونیورسٹی ، جاپان)
پوسٹ ڈاک (چولالونگ کوم یونیورسٹی، تھائی لینڈ)
پراجیکٹ سپروائزر برائے ایم ایس طلباء پروگرام (چولالونگ -کورن یونیورسٹی، تھائی لینڈ)
صدرشعبہ علومِ ارضی ، عبدالسلام اسکول آف سائنسز، نصرت- جہاں کالج ، ربوہ (چناب نگر)
ممبر سوی فار ایکسپلوریشن جیوفزسٹ(ایس ای جی)

Mian Attique Ahmad
MA, History (Archaeology)
FRAS (London)
Ex-Director Lyallpur Museum
Director Punjab Arts & Crafts Museum (PUCAR) Information & Culture Department Government of Punjab

میاں عتیق احمد
ایم اے تاریخ وآثاریات (پنجاب یونیورسٹی)
ایف-آر-اے-ایس (لندن)
ڈائریکٹر لائل پور میوزیم
سابق ڈائریکٹر پنجاب عجائب گھر برائے فنون و- ہنر(PUCAR)، شعبہ معلومات وثقافت، حکومتِ پنجاب

Dr. Ijaz Khan
BA (University of Peshawar)
MA, Archaeology (University of Peshawar)
Ph.D. The University of Leicester (UK)
Lecturer Ancient Civilisations (Abdul Wali Khan University, Mardan)
Curator, F. A. Durrani Museum

ڈاکٹر اعجاز خان
بی اے(پشاور یونیورسٹی)
ایم اے آثاریات(پشاور یونیورسٹی)
پی. ایچ .ڈی یونیورسٹی آف لیسسٹر (یو.کے)
لیکچرار اینشنٹ سولائزیشنز (عبدالولی خان یونیورسٹی -مردان)

کیوریٹر، ایف اے خان دڑانی عجائب گھر(عبدالولی خان -یونیورسٹی)

(Abdul Wali Khan University)

مہرالرحمان
بی اے پشاور یونیورسٹی
ایم اے آثاریات پشاور یونیورسٹی
ایم فل آثارِ قدیمہ ہزارہ یونیورسٹی
ہزارہ یونیورسٹی میوزیم

Mehir Rahman
BA (University of Peshawar)
MA (University of Peshawar)
MPhil (Hazara Universtiy, Mansehra)
Hazara University Museum

شیخ عاطف علی نمائندہ برائے آثاریاتی امور سندھ

Sheikh Atif Ali (Representatiive for Sindh)

Authours

Dr. Saifurr Rehman Dar (T.I)
Former Director, Lahore Museum
Former Director General Department of Archaeology, Govt. of Punjab
Former faculty member, Department of Archaeology, University of the Punjab, Lahore
srdar39@gmail.com

Dr. Muhammad Zahir
Ph.D. Archaeology, University of Leicester (UK)
MA (Gold Medallist), University of Peshawar
BSc (The University of Peshawar)
Associate Professor,Department of Archaeology, Hazara University
muhammadzahirpk@yahoo.com

Dr. Marike van Aerde
Ph.D. Leiden University
MA Classics and Archaeology from Radboud University (2005)
Assistant Professor, Faculty of Archaeology, Leiden University
m.e.j.j.van.aerde@arch.leidenuniv.nl

Abdul Ghani Khan
M.A Archaeology,Hazara University
M Phil Archaeology, Hazara University
Ph.D Scholar at Hazara University
abdul aghanikhan1990@gmail.com

Muzaffar Ahmad
PhD Scholar (Hazara University)
MPhil Archaeology (Hazara University)
MA Archaeology(Gold Medallist), University of Peshawar
archeohistorian@gmail.com

Muhammad Umar Daraz
M.A LLB
Punjabi Studies and Chiniot Archaeology
veryaam@yahoo.com

Ms. Saher Mansur
MA. Archaeology (PU)

Ms. Ume Kalsoom
Expert, Archaeological Drawing and Phoptography

Mr. Mushtaq Ahmad Galotar
Local Historian . Chiniot

مضمون نگار

ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار (تمغہ امتیاز)
سابق ڈائریکٹر لاہور عجائب گھر، پاکستان
سابق ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ حکومت ,پنجاب
سابق استاد شعبہ آثاریات، پنجاب یونیورسٹی لاہور
srdar39@gmail.com

ڈاکٹر محمد ظاہر
پی. ایچ .ڈی آرکیالوجی، یونیورسٹی آف لیسسٹر (یو۔کے)
ایم۔اے آرکیالوجی (پشاور یونیورسٹی) - طلائی تمغہ یافتہ
بی۔ ایس۔ سی (پشاور یونیورسٹی)
ایسیوسی ایٹ پروفیسر شعبہ آثاریات۔ ہزارہ یونیورسٹی
muhammadzahirpk@yahoo.com

ڈاکٹر ماریکے وین ائرڈ
اسسٹنٹ پروفیسرعالمی آثاریات(لیڈن یونیورسٹی)
پوسٹ ڈاکٹورل بیونک فیلو (لیڈن یونیورسٹی)
پی ایچ ڈی (لیڈن یونیورسٹی)
ایم اے کلاسیکس اینڈ آرکیالوجی (رڈباؤنڈ یونیورسٹی)
m.e.j.j.van.aerde@arch.leidenuniv.nl

عبدالغنی خان
ایم اےآثاریات(ہزارہ یونیورسٹی)
ایم فل آثاریات (ہزارہ یونیورسٹی)
پی ایچ ڈی سکالر (ہزارہ یونیورسٹی)
abdul aghanikhan1990@gmail.com

مظفراحمد
پی ایچ ڈی سکالر (ہزارہ یونیورسٹی)
ایم فل آثاریات (ہزارہ یونیورسٹی)
ایم ۔اے آثاریات (پشاور یونیورسٹی) طلائی تمغہ یافتہ
بی۔ اے تاریخ (پنجاب یونیورسٹی)
archeohistorian@gmail.com

محمد عمر دراز
ایم ۔اے۔ ایل ایل بی
ماہر پنجابیات و محقق آثاریات چنیوٹ
veryaam@yahoo.com

مکرمہ سحر منصور
ایم اے آثاریات (پنجاب یونیورسٹی)

مکرمہ ام کلثوم
ماہر اثاریاتی خاکہ کشی و فوٹوگرافی

مشتاق احمد گلوتر
مقامی مؤرخ۔ چنیوٹ

Contents

1. Editorial

MBSI ………………………………………………………………………13
Chief Editor (With a critical note contributed by Dr. Saifur Rahman Dar)

2. Ethics of DNA Research on Human Remains: Five Globally Applicable Guidelines………………………………14
Alpaslan-Roodenberg, S., Anthony, D., Babiker, H. et al. (Urdu Translation: Dr.Muhammad Zahir & Muzaffar Ahmad)

3. Ethics of DNA Research on Human Remains: Five Globally Applicable Guidelines …………………………...34
Alpaslan-Roodenberg, S., Anthony, D., Babiker, H. et al. (Punjabi Translation: Muhammad Zahir & Muzaffar Ahmad)

4. Birth, Life and Teachings of Shakiamuni…………. 55
Kamalashri Bakhshi & Rashiduddin Fazllulah Alhamdani

5. Carvings & Community: inclusive heritage solutions for protecting ancient Karakorum petroglyphs under threat…………………………………… 77
Dr. Marike van Aerde & Abdul Ghani Khan

6. Dr. F. A. Khan - The Builder of Modern Archaeology in Pakistan
A Review in Perspective of 52 Years of Archaeology in Pakistan (1940-1992) An Interview With a Pioneer of Pakistan Archaeology, With a Prelude to the Interview…………………………………………………….…… 91
Dr. Saifur Rahman Dar and Muhammad Rafique Dogar

7. A Chambered Tomb and some Candelabrum Engravings on gravestones in *Koh-e-Jud* Punjab Pakistan…………………….………………………… ………… 118
Muzaffar Ahmad and Late Muhammad Hayat

8. Ceramic Tradition of Rajoa Sadat I Mound,District Chiniot……………………………………………………….. 128
Muzaffar Ahmad et al.

9. Artifacts Discovered from Kot Khadayar, Chiniot District……………………………………………………….. 136
Muhammad Umar Daraz

فہرست

۱ اداریہ
ایم بی ایس آئی (مردان، بونیر، سوات کتبات) (ص ۱۳)
مدیر مسئول (مع نوٹ از ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار)

۲ انسانی باقیات پر جینیاتی تحقیق کی اخلاقیات: پانچ عالمی طور پر قابل اطلاق رہنما اصول (ص ۱۴)
الپسلان۔ روڈن برگ، ایس۔، انتھونی، ڈی۔، بابیکر، ایچ۔ اور دیگر
(اردو ترجمہ ڈاکٹر محمد ظاہر اور مظفر احمد)

۳ انسانی باقیات تے جینیاتی تحقیق دی اخلاقیات: پنج عالمی طور تے لاگو ہون قابل رہنما اصول (ص ۳۴)
الپسلان۔ روڈن برگ، ایس۔، انتھونی، ڈی۔، بابیکر، ایچ۔ اور دیگر
(پنجابی ترجمہ ڈاکٹر محمد ظاہر اور مظفر احمد)

۴ ساکیہ مُنی کی پیدائش، حالات اور تحریرات (ص ۵۵)
کمالشری بخشی کشمیری اور رشید الدین فضل اللہ الہمدانی

۵ چٹانی کندہ کاری اور کمیونٹی کا کردار: قدیم قراقرم چٹانی نقوش کو درپیش خطرات اور اس ورثہ کے تحفظ کے لئے خصوصی طور پر تجویز شدہ حل
ڈاکٹر ماریک وین ائرڈ اور عبدالغنی خان (ص ۷۷)

۶ ڈاکٹر ایف۔ اے خان، جدید پاکستانی آثاریات کے معمار
پاکستان کی باون سالہ آثاریات (۱۹۴۰ء تا ۱۹۹۲ء) کے تناظر میں ایک ریویو۔ پاکستانی آثاریات کے ایک بانی مبانی سے ایک انٹرویو اور انٹرویو کے لئے ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار کا تحریر کردہ تعارفیہ (ص ۹۱)
ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار اور محمد رفیق ڈوگر

۷ کوہ جود، پنجاب پاکستان میں ایک کمرہ نما مزار اور شمعدان کے نقوش والے الواح تربت (ص ۱۱۸)
مظفر احمد اور محمد حیات صاحب مرحوم

۸ رجوعہ سادات I ضلع چنیوٹ کی ظروفی روایت (ص ۱۲۸)
مظفر احمد، مشتاق احمد گلوترا اور سحر منصور (ظروفی خاکہ کشی: ام کلثوم)

۹ کوٹ خدایار، ضلع چنیوٹ سے قدیم مصنوعات کی دریافت (ص ۱۳۶)
محمد عمر دراز

۱۸۹۱ء میں شائع کردہ سلطنت عثمانیہ کے شائع کردہ سرکاری نقشہ کا کچھ حصہ (اصل نقشہ رنگین نہیں)

a common background namely Indo-Aryan and Indo-European background - however, complex the topic may be.

ڈاکٹر صاحب مزید تحریر فرماتے ہیں کہ:

Beside, I feel that you have not given sufficient attention to the contribution of Dr. Dani in the field of Indian palaeography.

Similarly, your references to different accession numbers allocated to different inscriptions is also confusing. To the best of .my knowledge all numbers inscribed on artifacts still retain the original numberd as allocated by Aurel Stein in his List of Inscriptions in Lahore Museum in a register, which unfortunately has since been last after my departure from Lahore Museum in ,1998. I feel that repeated reference to accession number of original register will give to your statements s clarity and meaning which at present confuses a layman like me.

I may also invite your attention to an oversight of your regarding epigraphical material in Lahore Museum. There are in reserve collection three fragmentary Armanean Inscriptions from Baluchistan. Once I helped a Western scholar in exhuming these from the godown. I have still with me his small note giving reading of these inscriptions. According to him these belong to the Achaemenid period and belong to grave -stones. We have a good number of ancient dams in Baluchistan as well as brick mausoleums belonging to the so-called Gabar or Zoroastrian period. If you have not yet seen these inscriptions but still want to consult them ask the concerned staff to show you inscriptions bearing numbers 244, 155 and 157 of Surel Stein's numbering.

And last of all ‹in ,1974, I prepared a note on some of the ancient inscriptions in Lahore Museum. I still retain that note.

With regards.

Dr. Saif Rahman Dar

اداریہ

MBSI(مردان،بونیر،سوات کتبات)

Editorial:
MBS Inscriptions

آثار (جرنل آف آرکیوہسٹاریکل سٹڈیز) کے گذشتہ دو شماروں میں مردان،بونیر اور سوات سے ملنے والے نامعلوم رسم الخط (یارسم الخطوط)پر مبنی کتبات کے بارے میں بکھرا ہوا مواد ایک مقام پر یکجاء کیا گیا ہے اور کسی حد تک تجزیہ پیش کرنے کی کوشش بھی کی گئی ہے۔اس بارے میں ماہرین حروف شناسی، ماہرین السنہ قدیمہ اور ماہرین آثاریات کو دلچسپی لینی چاہئیے تاکہ گندھارا کے آثار قدیمہ کے اس قدیم ترین حل طلب معاملہ میں پیش رفت ہو سکے۔مکرم ڈاکٹر سیف الرحمٰن صاحب نے ان کتبات پر آثار کے گذشتہ شماروں میں شائع شدہ مواد پر درج ذیل تبصرہ فرمایا ہے :

I have gone through both of your articles on MBS inscriptions. Although I am neither an epigraphist nor a linguist but I am greatly interested in ancient inscriptions found with in our territory. It is in this perspective that I appreciate your input in these two papers. But frankly speaking I am not satisfied with most of your results and conclusions. Basic reason behind this feeling may be that I am neither competent to comment on such a subject nor I have any background of this subject. But if you allow me to give me allowance of my age and time spent on such studies, then allow me to say that in you final analysis you have jumped on conclusions without sound basis of evidence and elaboration of your arguments. After all why it is necessary to stretch all evidence of development of ancient scripts in ancient Pakistan to Aramaic, Semitic, hieroglyphic or cuneiform and even Greek scripts from the Middle East. After all, our region - the entire Sub-continent has it own personality in matter of culture and education. What important factor you appears to have ignored is the fact that both Ancient Persian, Greek and Sanskrit and several other European languages have

انسانی باقیات پر جینیاتی تحقیق کی اخلاقیات: پانچ عالمی طور پر قابل اطلاق رہنما اصول

Songül Alpaslan-Roodenberg[1,2], David Anthony[3,4], Hiba Babiker[5], Eszter Bánffy[6], Thomas Booth[7], Patricia Capone[8], Arati Deshpande-Mukherjee[9], Stefanie Eisenmann[5,10], Lars Fehren-Schmitz[11,12], Michael Frachetti[13], Ricardo Fujita[14], Catherine J. Frieman[15], Qiaomei Fu[16], Victoria Gibbon[17], Wolfgang Haak[5], Mateja Hajdinjak[7], Kerstin P. Hofmann[6], Brian Holguin[18], Takeshi Inomata[19], Hideaki Kanzawa-Kiriyama[20], William Keegan[21], Janet Kelso[10], Johannes Krause[10], Ganesan Kumaresan[22], Chapurukha Kusimba[23], Sibel Kusimba[23], Carles Lalueza-Fox[24], Bastien Llamas[25,26], Scott MacEachern[27], Swapan Mallick[1,28,29], Hirofumi Matsumura[30], Ana Y. Morales-Arce[31], Giedre Motuzaite Matuzeviciute[32], Veena Mushrif-Tripathy[9], Nathan Nakatsuka[1], Rodrigo Nores[33], Christine Ogola[34], Mercedes Okumura[35], Nick Patterson[4,29], Ron Pinhasi[2], Samayamantri P.R. Prasad[36], Mary E. Prendergast[37], Jose Luis Punzo[38], David Reich[1,4,28,29], Rikai Sawafuji[39], Elizabeth Sawchuk[40,41], Stephan Schiffels[5,10], Jakob Sedig[1,4], Svetlana Shnaider[42], Kendra Sirak[1,4], Pontus Skoglund[7], Viviane Slon[43,44], Meradeth Snow[45], Marie Soressi[46], Matthew Spriggs[15,47], Philipp W. Stockhammer[10,48,], Anna Szécsényi-Nagy[49], Kumarasamy Thangaraj[36,50], Vera Tiesler[51], Ray Tobler[23,25], Chuan-Chao Wang[52,53], Christina Warinner[10,54], Surangi Yasawardene[55], Muhammad Zahir[5,56]

اردو میں ترجمہ: محمد ظاہر[۵،۵۶] اور مظفر احمد[۵۶]

This translation of 'Ethics of DNA research on human remains: five globally applicable guidelines' (https://www.nature.com/articles/s41586-021-04008-x) was first publicly posted at the open access scientific data sharing site figshare (dx.doi.org/10.6084/m9.figshare.16744552) under a CC BY 4.0 open access license, which permits republication in any form including in this journal as long as the figshare post is cited۔

1: Department of Genetics, Harvard Medical School, Boston, MA, USA
2: Department of Evolutionary Anthropology, University of Vienna, Austria
3: Department of Anthropology, Hartwick College, Oneonta, NY, USA
4: Department of Human Evolutionary Biology, Harvard University, Cambridge, MA, USA
5: Max Planck Institute for the Science of Human History, Jena, Germany
6: Romano-Germanic Commission of the German Archaeological Institute, Frankfurt am Main, Germany
7: Francis Crick Institute, London, UK
8: Peabody Museum of Archaeology and Ethnology, Harvard University, MA, USA
9: Department of Ancient Indian History Culture and Archaeology, Deccan College Post Graduate and Research Institute, Pune, India
10: Max Planck Institute for Evolutionary Anthropology, Leipzig, Germany
11: Department of Anthropology, University of California, Santa Cruz, CA, USA
12: UCSC Genomics Institute, University of California, Santa Cruz, CA, USA
13: Department of Anthropology, Washington University in St. Louis, St. Louis, MO, USA
14: Centro de Genética y Biología Molecular, Facultad de Medicina, Universidad de San Martín de Porres, Lima, Peru
15: School of Archaeology and Anthropology, The Australian National University, Canberra, Australia
16: Key Laboratory of Vertebrate Evolution and Human Origins, Institute of Vertebrate Paleontology and Paleoanthropology, Center for Excellence in Life and Paleoenvironment, Chinese Academy of Sciences, Beijing, China
17: Division of Clinical Anatomy and Biological Anthropology, Department of Human Biology, University of Cape Town, Cape Town, South Africa
18: Department of Anthropology, University of California, Santa Barbara, CA, USA
19: School of Anthropology, University of Arizona, Tucson, AZ, USA
20: National Museum of Nature and Science, Ibaraki, Japan
21: Florida Museum of Natural History, Gainesville, FL, USA
22: Department of Genetics, School of Biological Sciences, Madurai Kamaraj University, Tamil Nadu, India
23: Department of Anthropology, University of South Florida, Tampa, FL, USA
24: Institute of Evolutionary Biology (CSIC-UPF), Barcelona, Spain

25: Australian Centre for Ancient DNA, School of Biological Sciences and The Environment Institute, University of Adelaide, Adelaide, SA, Australia
26: ARC Centre of Excellence for Australian Biodiversity and Heritage, University of Adelaide, Adelaide, SA 5005, Australia
27: Office of the Chancellors, Duke Kunshan University, Jiangsu, China
28: Howard Hughes Medical Institute, Boston, MA, USA
29: Broad Institute of MIT and Harvard, Cambridge, MA, USA
30: School of Health Science, Sapporo Medical University, Sapporo, Hokkaidō, Japan
31: Institute of Ecology and Evolution, University of Bern, Bern, Switzerland
32: Lithuanian Institute of History and Department of Archaeology, History Faculty, Vilnius University, Vilnius, Lithuania
33: Departamento de Antropología, Facultad de Filosofía y Humanidades, Universidad Nacional de Córdoba, Instituto de Antropología de Córdoba (IDACOR), CONICET, Córdoba, Argentina
34: Earth Sciences Department, National Museums of Kenya, Nairobi, Kenya
35: Department of Genetics and Evolutionary Biology, University of São Paulo, São Paulo, Brazil
36: DBT-Centre for DNA Fingerprinting and Diagnostics, Hyderabad, India
37: Department of Anthropology, Rice University, Houston, TX, USA
38: Instituto Nacional de Antropología e Historia, Michoacán, Mexico
39: School of Advanced Sciences, The Graduate University for Advanced Studies (SOKENDAI), Hayama, Kanagawa, Japan
40: Department of Anthropology, University of Alberta, Edmonton, Alberta, Canada
41: Department of Anthropology, Stony Brook University, Stony Brook, NY, USA
42: ArchaeoZOOlogy in Siberia and Central Asia – ZooSCAn, CNRS – IAET SB RAS International Research Laboratory, Novosibirsk, Russia
43: Department of Anatomy and Anthropology and Department of Human Molecular Genetics and Biochemistry, Sackler Faculty of Medicine, Tel Aviv University, Tel Aviv, Israel
44: The Dan David Center for Human Evolution and Biohistory Research, Tel Aviv University, Tel Aviv, Israel
45: Anthropology Department, University of Montana, Missoula, MO, USA
46: Faculty of Archaeology, Leiden University, Leiden, Netherlands
47: Vanuatu Cultural Centre, Port Vila, Vanuatu
48: Institute for Pre- and Protohistoric Archaeology and Archaeology of the Roman Provinces, Ludwig Maximilian University, Munich, Germany
49: Institute of Archaeogenomics, Research Centre for the Humanities, Eötvös Loránd Research Network, Budapest, Hungary
50: CSIR-Centre for Cellular and Molecular Biology, Hyderabad, India
51: School of Anthropological Sciences, Universidad Autónoma de Yucatán, Mérida, Mexico
52: Department of Anthropology and Ethnology, Institute of Anthropology, School of Sociology and Anthropology, and State Key Laboratory of Cellular Stress Biology, School of Life Sciences, Xiamen University, Xiamen, China
53: School of Basic Medical Sciences, Zhejiang University School of Medicine, and Institute of Asian Civilizations, Zhejiang University, Hangzhou, China
54: Department of Anthropology, Harvard University, Cambridge, MA, USA
55: Department of Anatomy, University of Sri Jayewardenepura, Nugegoda, Sri Lanka
56: Department of Archaeology, Hazara University, Mansehra, Pakistan

خط وکتابت کے لئے: Lars Fehren-Schmitz (lfehrens@ucsc.edu), Mary Prendergast (mary@rice.edu), David Reich (reich@genetics.med.harvard.edu), Jakob Sedig (Jakob_Sedig@hms.harvard.edu), Kendra Sirak (Kendra_Sirak@hms.harvard.edu), Philipp Stockhammer (philipp.stockhammer@lmu.de), Muhammad Zahir (muhammadzahirpk@yahoo.com)

پیش لفظ

ہم ۳۱ ممالک اور متنوع پس منظر کی حامل دنیابھر میں پھیلی ہوئی برادریوں سے تعلق رکھنے والے ماہرینِ آثاریات، ماہرین بشریات، مہتممین عجائب خانہ جات اور جینیاتی ماہرین کا ایک ایسا گروپ ہیں جوسب کے سب نومبر ۲۰۲۰ء میں قدیم ڈی این اے کی تحقیقی اخلاقیات کے لئے مختص ایک ورچول ورکشاپ میں اکٹھے ہوئے۔ ہم میں یہ وسیع تر اتفاق رائے موجود تھاکہ اگرچہ عالمی سطح پر قابل نفاذ اخلاقیاتی ہدایات کی ضرورت ہے تاہم اِن حالیہ تجاویز کا عمومی اطلاق جو شمالی امریکی انسانی باقیات پر ہونے والے بحث مباحثہ پرمبنی

ہیں، عالمگیر سطح پرجوں کا توں نہیں کیا جاسکتا۔ مختلف قسم کے تناظرات کو زیرنظر رکھتے ہوئے ہم نےعالمی سطح پر قابل اطلاق، مندرجہ ذیل ہدایات پیش کی ہیں۔

۱) محققین یقینی بنائیں کہ اِن تمام قواعد کی پابندی ان سب مقامات پر کی گئی جہاں وہ کام کرتے ہیں اور جہاں سے انسانی باقیات حاصل کی جاتی ہیں؛ ۲) محققین کسی بھی ایسے مطالعہ کے آغازسے پہلے ایک مفصل پلان تیار کریں؛ ۳) محققین یہ امر یقینی بنائیں کہ انسانی باقیات کو کم سے کم نقصان پہنچے؛ ۴)محققین بہرصورت تحقیقی اشاعت کے بعد سائنسی دریافتوں کی دوبارہ تنقیدی جانچ کا میدان کھلا رکھنے کے لئے تمام تر ڈیٹا کی فراہمی یقینی بنائیں؛ ۵) محققین کسی مطالعہ کے آغاز سے ہی باقیات میں حصہ داروں سے مصروف رابطے میں رہیں اوران حصہ داروں کے باقیات پر نکتہ نظر کا احترام اور باقیات پر ان کی حساسیت کو ملحوظ رکھے جانے کو یقینی بنائیں۔ ہم ان ہدایات کا پابند رہنا قبول کرتے ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ یہ ہدایات ایک اعلیٰ اخلاقیاتی معیارکو آگے بڑھانے کا باعث بنیں گی۔

تعارف

قدیم انسانی جینز کا تجزیہ ماضی کے انسانوں کے آپسی اور موجودہ دور کے لوگوں سے تعلقات کی علمی تفتیش کرنے کے ایک مضبوط ذریعے کے طور پر ابھرا ہے۔ یہ ایک مسلسل چلتا آیا تصور ہے کہ لوگ کسی بھی معین مقام پر وہاں موجود تحرک اور تعلقات باہمی کی ایک طویل تاریخ کے نتیجے میں زمانوں سے رہتے چلے آئے ہیں۔ گذشتہ ایک دہائی کے دوران، قدیم ڈی این اے نے جہاں دیگر شعبہ ہائے علوم کی پیش کردہ شہادتوں میں اپنی نئی شہادت کا اضافہ کیا ہے وہاں کسی بھی آبادی کے ''خالص ہونے''سے متعلق توہمات کو مسترد بھی کیا ہے اور نسل پرستانہ اور قوم پرستانہ بیانیوں کو بھی غلط ثابت کیاہے۔ اگرچہ کچھ لوگوں نے جینیاتی مطالعہ کو گروہی شناخت کےایک علمی ہتھیار کے طور پر غلط استعمال کرنا چاہا ہے تاہم ہماری رائے میں یہ نامناسب ہے کہ جینیاتی ڈیٹا کو شناخت کے عمل میں ایک ثالث کے طور پر برتاجائے[۱]۔

قدیم انسانوں کےشائع شدہ جینومیاتی ڈیٹا میں تیزی سے اضافے —یعنی ۲۰۰۹ء میں صفر سے لےکرآج کے دن تک چھ ہزار افراد — کے ساتھ ساتھ یہ مباحثاتی مواد بھی بڑھتا رہا ہے کہ ابتدائی مکالمہ جات پر بنیاد رکھتے ہوئے[۱۷-۲۴] قدیم ڈی این اے ریسرچ اخلاقیاتی طور پر کس طرح بروئے کار لائی جائے[۲-۱۶]۔ اس علمی شعبے کے تیزی سے پھولنے پھلنے، گذشتہ جدی سلسلوں کے مطالعہ پرسماجی اور سیاسی اثرات، اور اس حقیقت کے پیش نظر کہ قدیم ڈی این اے پر کام کبھی زندہ رہے لوگوں کا جن کا احترام بہرصورت ملحوظ رہنا چاہئیے تجزیہ کرتا ہے ، ڈی این اے ریسرچ کی اخلاقیات سامنے لانے کی فوری ضرورت ہے۔

قدیم افراد پر تجزئیے کی اجازت لینے کے لئےادارہ جاتی یا حکومتی ہدایات مختلف طرح کی ہوتی ہیں اور لازمی نہیں کہ یہ ہدایات ہمیشہ اخلاقیاتی ہی ہوں اور باقی حصہ دار فریقوں کی عملِ تحقیق میں شمولیت کو یقینی بنائیں۔ یہ ذمہ داری محققین پر عائدہوتی ہے کہ وہ کچھ حکومتی اداروں کی مانگ سےبڑھ کر اعلیٰ معیار اپنائیں، لیکن اس بات پر کوئی اتفاق رائے موجود نہیں ہےکہ اس کے نتائج کیا ہیں[۱۱، ۲۵ - ۲۷]۔ ڈی این اے پر شائع ہونے والے مواد میں یہ لکھنے کا رجحان بڑھتا جارہا ہے کہ تحقیقی ٹیم نے کس کس طرح اخلاقیاتی پہلوؤں کے معاملے کا سامنا کیا[۲۸-۳۸]۔ ہم اس پیش رفت کےحامی ہیں۔ پیشہ ورانہ تنظیمیں بھی اب واضح ہدایات دینا شروع کر رہی ہیں[۱۵، ۳۹]، اور کم سے کم ایک مالی معاونت کی رقم ان معاملات کی قدیم شمالی امریکیوں پر تحقیق کے تناظر میں چھان پھٹک کے لئے جاری کی گئی ہے[۴۰]۔ تاہم نوٹ کرنے کی بات قدیم ڈی این اے پر مصروفِ تحقیق سکالرز کےایک بین الاقوامی طور پر متنوع اور نمائندہ

گروپ کی جانب سے کسی دستخط شدہ بیان کی کمی ہے۔

ہم نے بیس ممالک اور دنیا بھرسے متنوع نسلی برادریوں کے ساٹھ سے زائد ماہرین آثاریات و بشریات، مہتممین عجائب خانہ جات اور جینیاتی ماہرین کو جو تیس ممالک کی نمائندگی کررہے تھے۴ اور ۵ نومبر۲۰۲۰ء کواخلاقیات پر ایک ورچول ورکشاپ کےلئے یکجاء کیا۔ جملہ شرکاء پُرعزم پائے گئے کہ وہ انسانی باقیات سے حاصل کردہ ڈی این اے پر اپنی تحقیق اخلاقیاتی لحاظ سے ذمہ دارانہ طور پر اورحصہ داروں (وہ لوگ جن کا کسی مطالعہ سے تعلق ہوتا ہے بشمول باقیات کی حفاظت کے اہتمام کی ذمہ دار نسلوں اورمحققین) کے مختلف نقطہ ہائے نظر کی حساسیت کو مدنظر رکھ کر کرنا چاہتے ہیں۔ یہاں ہم طرح طرح کے عالمی سیاق و سباق میں تیار کی گئی کیس سٹڈیز پیش کر رہے ہیں تاکہ نسلی برادری اور مقامی گروہوں کی مشاورت حاصل کرنے سے متعلق معاملات کے پھیلاؤ کو نمایاں کر سکیں اور یہ ظاہر کر سکیں کہ کس طرح یہ معاملات دنیا بھر میں ایک دوسرے سے فرق ہیں۔ اس کے بعد ہم انسانی باقیات پر ڈی این اے تحقیق کرنے کے لئے وہ ہدایات درج کریں گے جن کا عالمی سطح پر اطلاق ہوتا ہے (خانہ ۱)۔

برادریوں کے ساتھ اخلاقیاتی حوالے سے مصروفیتِ کار سیاق و سباق سے مشروط ہے

قدیم افراد پرجواخلاقیاتی ڈی این اے تحقیق ہوئی ہے اس کےبڑے حصے کا ارتکاز توجہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ (US) پر رہا ہے [۳,۴,۱۳,۱۵]۔ ان مباحث کے نتیجے میں محققین اور اصل مقامی نسلی برادریوں کے درمیان مصروف تعلق بڑھانے کی تجاویز وجود میں آئی ہیں جنہیں امریکی سوسائٹی برائے انسانی جینیات نے خلاصتاً تحقیقی ہدایات کی شکل میں شائع کیا ہے۔ ان ہدایات میں تجویز کیا گیا ہے کہ تمام ترقدیم ڈی این اے مطالعات میں باقاعدہ مشاورت کا عنصر شامل ہونا چاہئیے، ان میں ثقافتی اورزیرِ غور اخلاقیاتی معاملات کو پیش نظر رکھاجانا چاہئیے، انہیں نسلی برادریوں سے مصروف تعلق میں رہنا چاہئیے اور استعداد کار میں اضافے کی حمایت کرنی چاہئیے، اسی طرح رپورٹنگ اور ڈیٹا مینجمنٹ، طویل المدت ذمہ داری اٹھانے اور حفاظتی اہتمام کے لئے پلان بنانے چاہئیں[۱۵]۔

نوآبادکاری کے ان علاقوں میں جہاں اصل مقامی باشندوں کی زمینوں اور مصنوعات پر قبضہ اور اصل مقامی برادریوں کے حقوق مسلسل غصب کئے جانے کی ایک تاریخ موجود ہے، قدیم مقامی باشندوں کے نکتہ ہائے نظر کو مرکزی جگہ پر رکھنا اہم ہے؛ اس نوعیت کے سیاق و سباق میں اصل مقامی آبادیوں کے ساتھ صلاح مشورہ نہ کرنا نقصان دہ ہوسکتا ہے [۵-۶]۔ یو ایس میں، تمام قدیم دیسی امریکی باقیات جو وفاق سے فنڈ لینے والے اداروں میں موجود ہیں نیٹیو امریکن گریوز پروٹیکشن اینڈ ری پیٹریئشن ایکٹ (NAGPRA) کے دائرہ کار میں آتی ہیں، جو یہ تقاضا کرتا ہے کہ ادارے مقامی گروہوں سے مشاورت کریں اور قدیم باشندوں کی باقیات (جو چاہےثقافتی طور پر قابل شناخت ہوں یا نہ ہوں) اصل مقامی گروہوں کو منتقل کرنے کی کوشش کریں۔ آسٹریلیا میں، ملتے جلتے قوانین یہ تقاضا کرتے ہیں کہ انسانی باقیات جو کہ بعض صورتوں میں ۴۰،۰۰۰ برس تک قدیم ہیں [۴۱] اور جو قدیم آسٹریلویوں اور توریس سٹریٹ کی جزائری نسلی آبادیوں سے لی گئی تھیں انہیں لوٹا دی جائیں[۴۲,۴۳]۔ تاہم جب اُن قدیم افراد کی باقیات پر تحقیق کی جارہی ہو جن کے موجودہ گروہوں کے ساتھ چند ایک (اگر چند ایک بھی موجود ہوں تو) ہی مادی اور زبانی تعلقات باقی رہ سکے ہوں یا جہاں کسی ایسے تصور کو فروغ دینا کہ ثقافتی وراثت کا کوئی ایک گروہ کسی دوسرے سے زیادہ ملکیت

کا حق دار ہےسماجی سطح پر جھگڑا کھڑا کرسکتا ہو، وہاں دیسی باشندوں کو مرکزی حیثیت دینے والا ایک ایسا اخلاقیاتی فریم ورک جوتقاضا کرتا ہو کہ ہر قدیم فرد کو کسی موجودہ مقام گروہ کے ساتھ جوڑ دیا جائے درست نہیں بیٹھتا۔

حکومتی ادارے بسا اوقات دیسی نقطہ ہائے نظر پیش کرنے کا مؤثر ذریعہ ہوتے ہیں

براعظم امریکہ کے کئی ایک ممالک میں ، مقامی ورثہ کی جڑیں قومی شناخت میں مضبوطی سے پیوست اور حکومتی ثقافتی اداروں میں گھرکرچکی ہیں۔ مثال کے طور پر، میکسیکوکی آزادی کے بعد میستیزوز لوگ (جو ملی جلی نسل پر مشتمل ہیں) اور جو سب سے بڑی اکثریت ہیں نے ناہوا (آزٹیک)، مایا،زاپوٹیک اور دیگر مقامی گروہوں کے ورثہ کو قومی شناخت کے جزو لاینفک کے طور پر اپنا لیا [۴۴ تا ۴۶] ۔ پیرو میں وزارت ثقافت *indigenismo* تحریک کے پس منظر میں تخلیق کی گئی جس کے مقاصد مقامی ثقافت کا فروغ اورامتیازی سلوک کا خاتمہ تھے [۴۷ تا ۴۹]۔ اس طرح کے تناظرات میں حکومت یا ورثہ کی تنظیموں سے انسانی باقیات کے تجزیہ کے لئےمنظوری طلب کرنا ایک بھاری بھرکم مصروفیت ہوسکتی ہے اور امریکی سانچہ اختیار کرنابرعکس نتائج پیدا کرسکتا ہے۔ اس مضمون کے مصنفین کووسطی اور جنوبی امریکہ کے قدیم ڈی این اے پر پیپرز لکھنے اور ایسے تبصرے وصول ہونے کے متعدد تجربات ہوئے جن میں کہا کیا گیا تھا کہ یہ تحقیقی کام ریاست ہائے متحدہ میں پروان چڑھائے گئے مقامی سطح پر مصروفیتِ کارکے معیارکو نہیں پہنچتا[۳،۴]۔ ہم میں سے جومیکسیکو یا وسطی یا جنوبی امریکہ سے تعلق رکھتےہیں ان کے محسوسات اس بارے میں یہ رہے ہیں کہ اگر حسن ظن رکھا جائے تویہ تبصرہ جات پدرانہ انداز میں اور اگر سوئےظن روا رکھا جائےتو نوآبادیاتی انداز میں لکھے گئے ہیں۔ یہ محسوسات بطور خاص اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب اس بات کو دیکھا جائے کہ کئی جگہوں نے مقامی ورثے کو اپنایا ہےاورریاست ہائے متحدہ سرکار سے کہیں آگے بڑھ کر ثقافتی اداروں سے منظوری کے عمل کا حصہ بنا دیا ہے۔

تاہم امریکی براعظموں میں حکومتوں اور مقامی برادریوں کے مابین تعلقات کی نوعیت میں بہت تنوع ہے اور محققین کویہ تعین کرنے کے لئے کہ کب کب اضافی مشاورت کی ضرورت ہے لازماً ایک کیس ٹو کیس اپروچ اپنانا ہو گی۔ پیرو اور میکسیکو میں وہ گروپ جن کے لئے مقامی ورثہ شناخت کا ایک اہم حصہ ہےان کی حکومت میں نمائندگی مختلف صورتوں میں مختلف نوعیت کی ہے۔ برازیل میں مقامی برادریاں اکثر حق رائے سے محروم ہیں اور وہاں مقامی گروہوں کے لئےکوئی ایسا قانونی نظام موجود نہیں جس کے سہارے وہ اپنے اجداد سے متعلقہ آثاریاتی مواد کی قسمت کے تعین کے لئے کوئی آواز بلند کرسکیں [۵۰]۔ ارجنٹائین میں ایک لازمی قانون موجود ہے کہ کوئی بھی ایسا منصوبہ جس میں مقامی ورثہ کا تعلق ہو اس کے لئے برادری کی رضامندی ضروری ہے لیکن اس پر ہمیشہ عملدرآمد نہیں کیا جاتا۔ گوئٹے مالا میں مایا اور دوسرے مقامی گروہ جو آبادی کا لگ بھگ نصف حصہ ہیں غیراہم اور پسماندہ رہے ہیں۔ اس طرح کے تناظرات میں قدیم ڈی این اے کا مطالعہ کرنے والی کسی تحقیقی ٹیم کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ایک قدم آگے جا کرکے مقامی تحفظات پر مشتمل نقطہ نظر کو شامل کرنے کے لئے موجود ریاستی احکامات سے قدم آگے بڑھائیں۔

مقامیت کے معانی میں عالمی سطح پر موجود فرق

مقامیت کے مطالب دنیا کے مختلف حصوں میں مختلف لئے جاتے ہیں۔ افریقہ میں نوآبادیاتی نظام کے تحت محکوم بنائے گئے گروہ اب غالب آچکے ہیں اور یہاں مقامیت سے زیادہ ترمراد شناخت کی بنیاد پر موجود سیاسی یا سماجی پسماندگی لی جاتی ہے نہ کہ یہ روایات کہ یہ گروہ اس علاقے میں کتنے طویل عرصہ سے آباد ہیں [۵۱]۔ کئی افریقی برادریوں کے اِن زمینوں سے جہاں وہ آباد ہیں جو پیچیدہ تعلقات ہیں اِن میں نوآبادیاتی اور بعد از نوآبادیاتی نقل مکانی اور خلل اندازی کی تواریخ بھی شامل ہیں۔ کچھ علاقوں میں لوگ ماضی میں اسی جگہ واقع آبادیوں کو اپنی برادری سے نہیں سمجھتے۔ ایسا شاید موجودہ مذہبی یا ثقافتی نظام ہائے عقائدکی وجہ سے ہے جو ماضی کے ایسے نظام ہائے عقائد سے مختلف ہیں، اور شاید ایساکہیں اور سے نقل مکانی کرکے آنے کی اجتماعی یاداشتوں،دوسرے گروہوں سے تعلق ظاہر کرنے کی صورت میں انتقام کا نشانہ بننے اور یورپی نوآبادکاری کے دور میں لئے گئے فیصلوں کے ان جھٹکوں کے نتیجے میں بھی ہے جنہوں نے سماجی سیاسی منظرناموں میں دراڑیں ڈالیں اور ابھی تک تشدد اور نقل مکانیوں کا باعث بنے ہوئے ہیں [۵۲]۔ اس طرح کی صورت احوال میں مقامی گروہوں سے لے کر حکومتی نمائندگان تک، سب حصہ داروں کی باہم توجہ سے کی گئی مشاورت ضروری ہے تاکہ یہ بات یقینی بنائی جاسکے کہ ثقافتی ورثہ سے متعلق فیصلہ سازی کا اختیارسماجی جھگڑا کھڑا نہیں کرےگا ۔ اس طرح کے معاملات میں بظاہر یہی لگتا ہے کہ قدیم ڈی این اے کے مطالعہ کے لئےاجازت کے معاملے میں اصل مقامی حیثیت رکھنے کو ایک اصول مان کر مرکزی مقام دینا ضرر رساں ثابت ہوگا۔

افریقہ (اور کئی ایک دوسرے خطوں میں بھی) ڈی این اے تحقیق کے تعلق میں ایک اور زیادہ ضروری مسئلہ انسانی باقیات کو غیر اخلاقیاتی طریقوں سے جمع کرنے اور اکثر اوقات وہاں سے باہر بھجوا دینے کی نوآبادیاتی روایت کا سامنا کرنا ہے [۵۳،۵۴]۔ محققین کوان قدیم افراد کی باقیات کے مطالعہ کی اجازت کے حصول کے لئےلازماً مہتمم ادارے اوران باقیات کے اصل ملک کے سکالرز دونوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا، اوراِنہیں مقامات دریافت،تاریخی ناانصافیوں، باقیات کووطن واپس لانے اور واگزار کرانے پر مکالمے میں اپنے ساتھ مصروف کرنا ہوگا [۵۵-۵۸]۔ ایک اور متعلقہ چیلینج زیادہ تر یورپی اور شمالی امریکی سئنسدانوں کی وہ نامنصفانہ اور اکثر اوقات استحصالی تحقیق ہے جس میں برائے نام مقامی مصروفیتِ کار ہے [۲۵،۲۷]۔ غیرملکی محققین کولازماً مساویانہ شراکتِ کارکو ترجیح دینا ہوگی جس میں تربیت اور دیگراقسام کا استعداد کار میں اضافہ جو حصہ داروں کو تحقیقی سوالات و ڈیزائین تشکیل دینے کے لئےبااختیار کرے شامل ہوسکتے ہیں۔

<u>گروہی شناخت پر زور دینا کچھ عالمی تناظرات میں ضرررساں ہوسکتا ہے</u>

دنیا میں بہت سی ایسی جگہیں ہیں جہاں یہ بحث کہ کون قدیم باشندہ کہلاسکتا ہے غیروں سے نفرت اور ایک قوم پرست بیانیےکی صورت میں اپنا حصہ بٹاچکی ہے۔ ان جگہوں پر اصل مقامی باشندہ ہونے کی شناخت کو اس تعین کے لئے استعمال کرنا کہ کون قدیم ڈی این اے پر تحقیق کی اجازت دے سکتا ہے اور کون نہیں ضرررساں ثابت ہوسکتا ہےکیونکہ اس سے گروہی تصادم اورامتیازی سلوک جنم لےسکتے ہیں۔

مثال کے طور پر، بھارت میں کئی لوگ گروہی شناخت پر مبنی بدسلوکی کی ایک طویل تاریخ کی موجودگی کی بنا پر ذات اور مذہبی پس منظر کے بارے میں پوچھنے سے گریز کرتے ہیں اور حقیقت بھی یہ ہے کہ ذات کی بنیاد پر امتیاز برتنا غیرقانونی ہے۔ یہ متعین کرنے کی کوشش نے کہ کون سے گروہ آج قدیم ورثے پردوسروں کی نسبت زیادہ دعویٰ رکھتے ہیں نہ صرف

اختلاف پیدا کرنے میں اپنا حصہ ڈالا ہے بلکہ جنوبی ایشیا کے زیادہ تر حصے میں اس لئے ایک بے معنی سوال بن کر رہ گیا ہے کہ آج کے گروہوں کی ایک بھاری اکثریت ان آبادیوں کا ایک ملغوبہ ہے جن کے اجداد برصغیر میں ہزاروں برس سے رہتے چلے آئے ہیں [۶۰،۶۱]۔ تاہم، ایسے کیس بھی موجود ہیں، جیسا کہ جزائر انڈیمان میں، جہاں یہ واضح ہے کہ کون اصل مقامی ہے، [۶۲]؛ جنوبی ایشیا کے کئی حصوں میں سرکاری سطح پرثقافتی ورثے کے تحفظ کے لئے قوانین موجود ہیں جو اس فریم ورک کی حدود میں کام کرتے ہوئے برادریوں کو نقصان سے بچانے کے لئے ایک اہم نظام ہے۔

مغربی یوریشیا میں، یہ مشورہ کہ وہ گروہ جو اپنی مقامی اصل کا دعویٰ رکھتے ہیں انہیں ایک سپیشل حثیت حاصل ہونی چاہئیے، غیرگریزی اور نسلی بنیادوں پرقتل عام کا باعث بنا ہے۔ نازی دور میں ''خون اور دھرتی'' کا تصور پروان چڑھانے والےقومیت پرستوں نےاپنی غرض کے لئےآثاریاتی تحقیق کو اس دعوے کی بنیادپر کہ مشرقی یورپ میں کھدائیوں میں ملے ڈھانچے ایک جرمانک مارفالوجی رکھتے ہیں توڑمروڑ کر زمینیں غصب کرنے کے لئے استعمال کیا [۶۳]۔ یورپی ماہرین آثاریات نے دہائیوں تک ان بیانیوں کو جو ثقافتی ورثے کی ملکیت کے مدعی ہیں مسمار کرنے کے لئے کام کیا ہے۔ ایک مغربی یوریشیائی سیاق وسباق میں قدیم ڈی این اے اخلاقیات کو بہرحال کچھ سرزمینوں[۶۳] میں خودساختہ نسلی تعلقات کے تصورات سے خود کو دور رکھنا ہوگا، اوراس کے ساتھ ساتھ نسلی امتیاز کی شکار قومی اقلیتوں کے لئے احترام کو بھی یقینی بناناہوگا۔ حکومتی لیڈران کاگروہی شناخت کےان من پسند بیانیوں کی حمایت آثاریاتی اور قدیم ڈی این اے تحقیق کے حوالے دے کر کرنا جنہیں بعدازاں علیحدگی پسندپالیسیوں کے لئے استعمال کیا جاسکے صرف نظریاتی سطح پر ہی وجود نہیں رکھتا بلکہ یہ آج مغربی یوریشیا کے کچھ ممالک بشمول ہنگری اور اسرائیل میں ایک مسلسل دردِ سر ہے[۶۵ تا۶۷]۔

قدیم ڈی این اے کی تحقیق کے لئےپانچ عالمی طور پر قابل اطلاق ہدایات

ہم نے قدیم ڈی این اے پر تحقیق کومضبوط اخلاقیاتی معیاروں پر فروغ دینے کے لئے پانچ ہدایات پیش کی ہیں جو مندرجہ بالا تحقیقی تناظرات سمیت دنیا کےدیگر بڑے خطوں بشمول وسطی ایشیا، سائبیریا، مشرقی افریقہ، جنوب مشرقی ایشیا اور اوشنیا (خانہ ۱) کی وسعت کا احاطہ کرتی ہیں جنہیں ہم جگہ کی کمی کے باعث زیربحث نہیں لائے۔ ہم نے آغاز ان ہدایات سے کیا جن کاتخاطب سائنسی اخلاقیات کی طرف ہے اور پھر ہم برادریوں بشمول اصل مقامی گروہوں کے نقطہ ہائے نظر کے لئے تحقیقی حساسیت کو یقینی بنانے کے مضمون کی طرف آئے ہیں۔

(ا) محققین لازمی اور یقینی بنائیں کہ جن مقامات پر انہوں نے کام کیا ہو اور جہاں سے انسانی باقیات حاصل کی گئیں وہاں تمام قواعدوضوابط کی پابندی ملحوظ رکھی گئی ہو۔ محققین ضروراس امر پر غور کریں کہ کیا یہ بات اخلاقیاتی لحاظ سے درست ہے کہ قدیم ڈی این اے کی تحقیق اس جگہ کے ماحول کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائے جہاں سے وہ انسانی باقیات کی نمونہ سازی کرتے ہیں۔ ایک بارجب محققین کسی منصوبہ میں مصروفِ کار ہوجائیں توپھر انہیں تمام مقامی قوانین کی پاسداری کرنی چاہیے۔ اگرچہ لگتا یہی ہے کہ ایسا ہی ہوتا ہے لیکن چند شریک مصنفین کا تجربہ بتاتا ہے کہ قدیم ڈی این اے پرکام کرنے والےمحققین ہمیشہ سب معاہدوں کی پابندی نہیں کرتے۔ مثال کے طور پر ہوسکتا ہے یہ ضروری ہوکہ سائنسی تجزیہ کے لئے یا حیاتیاتی مواد کی بیرون ملک برآمد کے لئے ادارہ جاتی، مقامی، علاقائی یا قومی انجمنوں کثیرسطحی اجازتیں حاصل کی جائیں اورمہتمم اداروں کو

متفق علیہ ٹائم لائن کے مطابق رپورٹیں فراہم کی جائیں۔ جہاں کہیں مقامی قواعد و ضوابط ناکافی ہوں وہاں محققین کو آگے بیان شدہ اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک اعلیٰ معیارپر کاربند رہنا چاہیے۔

(۲) محققین کو کسی بھی مطالعاتی کام سے قبل ایک تفصیلی پلان لازماً تیار کرنا چاہیے۔ اس پلان میں تحقیقی سوالات کا بیان ہو،جو تکنیکیں استعمال کرنا مقصود ہیں ان کی ڈسکرپشن ہو اورباقیات (بشمول استخوانی عناصر جن کا مطالعہ مقصود ہو اور جس قدر مقدار استعمال ہونا ہو) پر متوقع اثرکاذکر ہو؛جس ٹائپ کا ڈی این اے ڈیٹا تخلیق ہوگا اس کی ایک تفصیل ہو؛ شریکِ کار تجربہ گاہوں سے مواد میں شراکت داری کا اگر کوئی پلان ہے تو وہ درج ہو؛ غیراستعمال شدہ مواد کی واپسی اور نتائج ایک دوسرے سے شراکت داری کے لئے ایک ٹائم لائن بھی موجود ہو؛ ایک پلان ہو کہ کس طرح، کہاں اور کس کے ذریعہ نتائج نشرکئے جائیں گے؛ صلاحیتی افزائش یا تربیت جو ایسے ماحول میں کرائے جائیں جہاں ان کی ایک قدروقیمت بن سکے، کے لئےایک پلان بھی ہو؛ اور ڈیٹا ذخیرہ کرنے اور اس میں شراکت داری کے لئے ایک پلان جس پر حصہ داران متفق ہوں اور جو اوپن ڈیٹا اصولوں کے تحت ہو تحریر کیا جائے[۶۹]۔ اس پلان میں یہ امر تسلیم کرتے ہوئے کہ جینیاتی ڈیٹا غیر متوقع سمتوں کی طرف راہنمائی کرسکتا ہے، تحقیق کی وسعت کی تعریف متعین کرنی چاہئیے اورایمانداری کے ساتھ ممکنہ نتائج کی ترسیل کرنی چاہیے۔ اس طرح کا ایک پلان جس ارادہ شدہ تحقیق کا ایک ریکارڈ تخلیق کرتا ہے جس کاکہ بعد میں اس ارادے سے ہٹنے کی صورت میں حوالہ دیا جاسکتا ہے۔ مطالعاتی ڈیزائین میں بعدازاں ضرورت کے مطابق تبدیلیاں صرف اصل معاہدہ کے فریقین کی حمایت حاصل ہونے کی صورت میں ہی ہونی چاہیئیں: محققین کو بہرصورت یہ تسلیم کرنا چاہئیے کہ جب قدیم افراد کی باقیات کا مطالعہ کرنے کی غرض سے اجازت دی جائے تووہ جس مقصد کے تحت یہ مواد ان کے حوالے کیا گیا ہے اُس کی خاطر اِس مواد کے نگران بن جاتے ہیں، لیکن یہ ''ملکیت'' ان کو منتقل نہیں ہوتی[۷۰]۔ یہ محققین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے پلان باقیات کے ذمہ داروں سے اور ان دیگر گروہوں سےجن کا نقطہ نظرتحقیق میں جھلکنا ضروری ہو شئیر کریں؛ اس لئے اس پلان کو ایک ایسے طریق پر تحریرکیا جانا چاہئیے کہ غیر ماہر قارئین کے لئے بھی یہ قابل فہم ہو۔ اگر درست معلوم ہو اورجملہ متعلقہ پارٹیاں متفق ہوں تو باقیات کی اس علاقے میں جہاں ان کی اصل واقع ہے واپسی کے خدوخال بھی ریسرچ پلان میں بیان کئےجاسکتے ہیں۔

(۳)۔ محققین کو انسانی باقیات کوپہچنے والے نقصان کو کم سے کم رکھنا چاہیئے۔ حال ہی میں صرف ایک استخوانی عنصر — کنپٹی کی ہڈی— پرخصوصی توجہ مرکوز ہوجانے کی وجہ سےجو دیگر عناصر کی نسبت کئی گنا زیادہ جینیاتی ڈیٹا فراہم کرتی ہے بشریاتی مصنوعاتی مجموعات پر تحقیق کے عمل کےاثرات کو کم ازکم رکھنا بطورخاص اہم ہوگیاہے[۷۱-۷۴]۔ محققین کواپنے سائنسی تجزیہ کو خدشات کےساتھ متوازن رکھنے کے لئے دوسرے حصہ داروں کے ساتھ مشاورت سے ایک حکمت عملی تیار کرنی چاہیئے۔ محققین کو کم از کم نقصان سے زیادہ سے زیادہ قابل استعمال ڈیٹا حاصل کرنےکی بہترین طرزعمل میں متعین کردہ تکنیکوں میں تربیت حاصل نہ ہوتو انہیں باقیات حاصل نہیں کرنی چاہئیں[۱۱،۱۲، ۷۵-۷۸]۔ محققین کواپنے سائنسی سوالات کے حل کے لئے مطلوب ضروری مقدارسے زائد نمونہ سازی نہیں کرنی چاہئیے، اور اس کی ڈاکومنٹیشن انسانی باقیات کے لئے ذمہ داروں کو نمونہ سازی کے موقع پر فراہم کردی جانی چاہئیے نیز نیگیٹو نتائج کوبھی اس لئے رپورٹ کرنا چاہئیے تاکہ اسی طرح کے تحقیقی طریقوں کو ان باقیات پر جن میں ڈی این اے کمزور

پریزرویشن کی حالت میں ہے بار بار نہ دہرایا جاتا رہے۔ نمونہ سازی سے قبل ہائی ریزولیوشن فوٹوگرافی اور حیاتیاتی۔آثاریاتی تخمینہ کے ذریعےنمونہ جات کی اشکال کو محفوظ کرناچاہئیے۔ بہت قدیم یا پھر منفرد سیاق وسباق کے حامل افراد کا مائیکرو سٹی سکین یا ان کی چھاپ تیار کی جانی چاہئیے، اور بحث و تمحیص سے یہ بات بھی طے کرنی چاہئیے کہ کسی سائیٹ پر نباتاتی یاناقابل تشخیص باقیات کا تجزیہ پہلے سے کرنا چاہئیے تاکہ کسی سائٹ پر ڈی این اے کی محفوظ شدہ مقدار کا اندازہ کیا جاسکے۔

ایک بار جب نمونہ سازی ہوجائے، تب باقیات کی ذمہ دارانہ حفاظتی دیکھ بھال کو بڑھاوا دینے کے لئےمادی اورسالماتی مصنوعات مثلاً ان ڈی این اے محلولاتی نچوڑوں اور لائبریریز کے استعمال میں جوپیش آمدہ تحقیقات میں اضافی نمونہ سازی کی ضرورت کو کم کرتی ہیں دوسروں کوشریک استعمال کرنا چاہئیے۔ محققین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اخذ کردہ سالماتی مصنوعات کو مطالعاتی نقول کی تیاری کے لئےسنبھال کر رکھیں۔ ہم محققین کی اس بات کے لئے بھی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ نمونہ شدہ انسانی باقیات اور ان سے اخذ شدہ مصنوعات کے تجربہ گاہوں کے مابین اشتراک استعمال کے لئے اجازت حاصل کریں۔ اس سےاصل مطالعہ میں جواب شدہ سوالات پر نظرثانی اوربنیادی مطالعہ سے آگے جاکراضافی تجزیہ کرنے میں بھی تب تک سہولت رہے گی جب تک اس نوعیت کے استعمالات ایک منظور شدہ تحقیقی پلان کے ساتھ ہم آہنگ رہیں گے۔

